(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

منشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَۃُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِی وَ الْعِتْرَۃِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب	....	مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)
مولف	....	آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ
مترجم	....	حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی
اہتمام	....	مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)
ناشر	....	ادارہ منہاج الصالحین لاہور
پروف ریڈنگ	....	غلام حیدر چودھری
ہدیہ	....	=/200 روپے

وصیت بتولؑ

(۱/۶۳۴) علامہ مجلسی کتاب بحارالانوار میں ابن عباس سے نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں:

جب حضرت زہراء سلام اللہ علیہا وفات پا گئیں تو امیر المومنینؑ نے ان کے چہرے سے پردہ اٹھایا، ان کے سراقدس کے پاس ایک تحریر لکھی ہوئی پائی جس میں لکھا ہوا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

یہ وصیت نامہ بنت رسول کا ہے۔ اس نے وصیت کی ہے۔ وہ شہادت دیتی ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں بہشت اور دوزخ برحق ہیں اور قیامت بغیر کسی شک وشبہ کے قائم ہوگی اور مردوں کو ان کی قبروں سے اٹھایا جائے گا۔

یا علی! اَنَا فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ زَوَّجَنِيَ اللّٰهُ مِنْكَ لِأَكُوْنَ لَكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اَنْتَ اَوْلٰى بِيْ مِنْ غَيْرِيْ، حَنِّطْنِيْ وَغَسِّلْنِيْ وَكَفِّنِّيْ بِاللَّيْلِ وَصَلِّ عَلَيَّ وَادْفِنِّيْ بِاللَّيْلِ وَلَا تُعْلِمْ اَحَدًا، وَاسْتَوْدِعُكَ اللّٰهَ، وَاَقْرَءُ عَلٰى وُلْدِيْ، اَلسَّلَامُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَة

"یا علیؑ! میں بنت محمدؐ فاطمہ ہوں خدا نے آپ کے ساتھ میری شادی کی ہے، تاکہ دنیا اور آخرت میں آپ کی بیوی رہوں، آپ ہر کسی سے میرے نزدیک قابل احترام ہیں آپ خود مجھے حنوط کریں اور رات کے وقت غسل اور کفن دیں اور مجھ پر نماز پڑھیں رات کے وقت مجھے دفن کریں، کوئی بھی اس سے آگاہ نہ ہو۔ آپ کو میں خدا کے حوالے کرتی ہوں میرے بچوں پر قیامت تک میرا سلام ہو" (بحارالانوار ۴۳/۲۱۴ ضمن حدیث ۴۴)